ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(90)

مورخہ 17.02.24

بہاول پور(　　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 09 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کوتوالی، تھانہ سمہ سٹہ، تھانہ نوشہرہ جدید، سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 06 ملزمان فرحان، عبدالمالک، سلیم، خضر شاہ، عرفان اور نعمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 228 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 01 ملزم صفدر علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1170 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ صدر یزمان اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 02 ملزمان وریام اور عمران کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور اور 1 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(91)

17.02.24

بہاولپور(   ) ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ (Drug Addict rehabilitation // hospital squad) نے اپنے کام کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے ضلع بھر کے تمام تحصیلوں سے منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ پک کرنا شروع کردیا۔منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیوں کے ساتھ ساتھ منشیات کے عادی افراد کی زندگی کی طرف بحالی کا کام بھی جاری رہے گا،

ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے منشیات کے خلاف جاری مہم میں ڈی پی او سید محمد عباس کی قیادت میں منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری ہے جبکہ منشیات کی دلدل میں پھنسے ایسے تمام شہری جنہیں نا صرف گھر والے بلکہ معاشرہ بھی بوجھ کے طور پر گردانتا ہے، ایسے تمام منشیات کے عادی افراد کو ڈسٹرکٹ پولیس نے اپناتے ہوئے سرکل احمد پور شرقیہ سے انچارج خدمت مرکز محمد ایوب اور ایس ایچ او تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ پک کیا۔جن کو بہاولپور منشیات بحالی ہسپتال میں بغرض مفت علاج معالجہ، رہائش کھانا وغیرہ کی سہولیات دے کر نئی زندگی کی جانب قدم بڑھانے میں مدد کرتے ہوئے معاشرے کا معزز شہری بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔منشیات کے عادی افراد کی بحالی کیلئے خصوصی اسکواڈ نے منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجہ کے کام کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے ضلع کے تمام سرکلز سے ایسے افراد کو پک کرنے کا کام شروع کردیا ہے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کا مستقبل تاریک ہونے سے بچانے کی بھرپور کوشش جاری ہے، یہ ایک صدقہ جاریہ بھی ہے اور ہمارا فرض بھی۔بہاولپور ضلع کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ نے اپنے کام کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے ضلع بھر کے تمام سرکلز سے منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ پک کرنا شروع کردیا